10 مارچ 2015ء

کارکنوں کی ترسیلات مالی سال 15ء کے پہلے آٹھ مہینوں میں 14.6 فیصد نمو کے ساتھ 11.75 ارب ڈالر ہوگئیں

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں نے مالی سال 15ء کے پہلے آٹھ مہینوں (جولائی تا فروری) کے دوران 11,750.50 ملین ڈالر وطن بھجوائے جس سے م س 14ء کے اسی عرصے میں بھجوائی گئی رقم 10,248.17 ملین ڈالر کے مقابلے میں 14.6 فیصد کی متاثر کن نمو ظاہر ہوتی ہے۔

فروری 2015ء کے دوران کارکنوں کی ترسیلات 1,391.69 ملین ڈالر رہیں جو جنوری 2015ء کے مقابلے میں 1.06 فیصد زائد ہیں اور فروری 2014ء کے مقابلے میں 15.04 فیصد بلند ہیں۔ بلحاظ ممالک فروری 2015ء کی تفصیلات سے پتہ چلتا ہے کہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، خلیج تعاون کونسل کے ملکوں (بشمول بحرین، کویت، قطر اور عمان) اور یورپی یونین کے ملکوں سے بالترتیب 453.40 ملین ڈالر، 316.51 ملین ڈالر، 179.03 ملین ڈالر، 167.42 ملین ڈالر، 166.26 ملین ڈالر، اور 23.99 ملین ڈالر پاکستان بھجوائے گئے جبکہ فروری 2014ء میں ان ملکوں سے آنے والی رقوم بالترتیب 368.76 ملین ڈالر، 240.38 ملین ڈالر، 184.60 ملین ڈالر، 156.23 ملین ڈالر، 144.92 ملین ڈالر، اور 32.79 ملین ڈالر تھیں۔ فروری 2015ء کے دوران ناروے، سوئٹزر لینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ملکوں سے آنے والی ترسیلات زر مجموعی طور پر 85.08 ملین ڈالر رہیں جبکہ فروری 2014ء میں ان ملکوں سے موصولہ رقم 82.09 ملین ڈالر تھی۔

☆☆☆